بسم اللہ الرحمن الرحیم

اصحابِ کہف کے نام کیا ہیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اصحابِ کہف کے نام کیا ہیں؟

جواب

علامہ ابن الملقن رحمہ اللہ نے اپنی شرح "التوضیح لشرح الجامع الصحیح" میں محمد بن اسحاق کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ وہ آٹھ (8) نوجوان تھے، اوران کے نام درج ذیل ہیں۔

1. مکسلمینا—(Maksalmeena) یہ ان میں سب سے بڑے تھے۔
2. مخسلمینا(Makhsalmeena)
3. تملیخا(Tamlikha)
4. مرطوس(Martoos)
5. کسطوس(Kastoos)
6. بیروس(Beroos)
7. دنیموس(Daneemoos)
8. برطلیس(Bartalees)

"التوضیح لشرح الجامع الصحیح" میں ہے: وکانوا ثمانیة: مکسلمینا وهو أکبرهم ومخسلمینا وتملیخا ومرطوس وکسطوس وبیروس ودنیموس وبرطلیس والصالحان اللذان کتبا اسماءهما اسم الواحد بیدروس والآخر روناس۔ ترجمہ: اوروہ آٹھ افراد تھے: مکسلمینا، جوان میں سب سے بڑے تھے، مخسلمینا، تَملیخا، مَرطوس، کَسطوس، بیروس، دَنیموس، اوربَرطَلیس۔ اوروہ دو نیک شخص جنہوں نے ان کے نام لکھ کر محفوظ کیے تھے، ان میں سے ایک کا نام بیدروس اوردوسرے کا روناس تھا۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح، جلد19، صفحہ624، مطبوعہ دارالنوادر)

اِن اصحاب کے ناموں میں دیگر اقوال بھی ہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابوالفیضان محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-096

تاریخ اجراء: 20 ربیع الاول 1448ھ/03 ستمبر 2026ء



Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)



www.fatwaqa.com



daruliftaahlesunnat



DaruliftaAhlesunnat



Dar-ul-ifta AhleSunnat



feedback@daruliftaahlesunnat.net